MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کیثر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ
روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل کراچی
چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ فون نمبر
Dailyaskarkhi@gmail.com
0331-8383955
جلد 15 | 13 فروری، بروز جمعرات 2025، (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 275

پاکستان سپر لیگ سے کرکٹ کا نیا ٹیلنٹ ابھر کر سامنے آئے گا، کامران ٹیسوری

گورنر اسٹیٹیوز کے تحت جاری منصوبے قابل تقلید ہیں، آئی ٹی کے جدید کورسز سے نوجوان کا مستقبل تابناک ہوگا، وزیر داخلہ

امن و امان کے قیام میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کا کردار قابل ستائش ہے، نیشنل اسٹیڈیم کی تعمیر نو سے کرکٹ کو فروغ حاصل ہوگا

کراچی (آئی این پی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ سے کرکٹ کا نیا ٹیلنٹ ابھر کر سامنے آئے گا۔ گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبہ میں امن کے قیام، کرکٹ کے فروغ، پاکستان سپر لیگ سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امن و امان کے قیام میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کا کردار قابل ستائش ہے، نیشنل اسٹیڈیم کی تعمیر نو سے کرکٹ کو فروغ حاصل ہوگا

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3)

جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس، عمران خان سمیت غیر حاضری ملزمان کے وارنٹ گرفتاری منسوخ

سیکورٹی وجوہات کی بنیاد پر بانی پی ٹی آئی کو عدالت پیش نہیں کیا جا سکتا، جیل حکام

اسلام آباد (آئی این پی) جوڈیشل کمپلیکس حملہ

(بقیہ نمبر 6 صفحہ 3)

بے ایمانی آئے شخص نے ملک کی بنیادیں ہلا دیں، نواز شریف

زوال کا رخ ترقی کی طرف موڑ دیا، معاشی اشاریوں کی بہتری پاکستان کی بہتری ہے، پاکستان کی خاطر ہنستے ہوئے قربانیاں دیں، آگے بھی دریغ نہیں کریں گے

شہباز شریف کی محنت رنگ لا رہی ہے، آئی ایم ایف نے بھی معاشی بحالی اور پاکستان کے ترقی کی طرف بڑھنے کا اعتراف کیا ہے، پنجاب کی رونقیں اور خوشیاں بحال ہو رہیں

لاہور (آئی این پی) مسلم لیگ ن کے صدر اور سابق وزیر اعظم نواز شریف نے نام لیے بغیر مبینہ طور پر پانی پی ٹی آئی پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بے ایمانی کے ساتھ آئے ہوئے شخص نے ملک کی بنیادیں ہلا دی تھیں، زوال کا رخ ترقی کی طرف موڑ دیا ہے۔ پاکستان کی خاطر ہنستے ہوئے قربانیاں دیں، آگے بھی دریغ نہیں کریں گے۔ تفصیل کے مطابق نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے پنجاب اسمبلی کے ارکان نے ملاقات کی، بنکاٹ صاحب، شیخوپورہ، قصور، اوکاڑہ اور پاکستان ڈویژن سے تعلق رکھنے والے ارکان پنجاب اسمبلی ملاقات کرنے والوں میں شامل تھے۔ اس موقع پر نواز شریف نے ارکان اسمبلی سے گفتگو کرتے ہوئے

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 2)

ریاض، وفاقی وزیر فاطمہ خواجہ منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے برطانوی ہائی کمشنر ملاقات کر رہی ہیں

وزیر اعظم سے ایم ڈی آئی ایم ایف کی ملاقات

پاکستان معاشی بحالی کے حصول کے بعد ترقی کی راہ پر گامزن ہے

دبئی (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت ملک کی اصلاحات کی رفتار بالخصوص ٹیکس اصلاحات، توانائی کے شعبے کی بہتر کارکردگی اور نجی شعبے کی ترقی جیسے اہم شعبوں میں پیش رفت کو برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے جبکہ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی منیجنگ ڈائریکٹر نے طویل مدتی معاشی استحکام کو یقینی

(بقیہ نمبر 13 صفحہ 3)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی و دیگر بات چیت کر رہے ہیں

آئی ایم ایف وفد کی آڈیٹر جنرل، ایف بی آر اور ایس ای سی پی کے حکام سے ملاقاتیں

پبلک سیکٹر میں آڈٹ اور ٹیکس اصلاحات کے طریقہ کار پر بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) مالی مایالی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ماہرین پرشتمل وفد کی آڈیٹر جنرل آف پاکستان، ایف بی آر اور سکیور ٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے حکام سے ملاقاتیں کیں۔ وفد کو پبلک سیکٹر میں آڈٹ اور شفافیت کے طریقہ کار پر بریفنگ دی گئی۔ وفد کو بتایا گیا کہ پبلک سیکٹر میں آڈٹ اور احتساب کا سب سے بڑا فورم پارلیمنٹ ہے۔ پارلیمانی روایت ہے کہ تمام اداروں کا آڈٹ اوپزیشن کرتی ہے۔ گزشتہ کئی سال سے پی اے سی کا سربراہ اپوزیشن لیڈر یا ان کا نامزد کردہ رکن ہوتا ہے۔ ایف بی آر نے بھی ڈیجیٹلائزیشن پر آئی ایم ایف و بریفنگ دی۔ آئی ایم ایف کے ماہرین نے ایف بی آر حکام سے ڈیجیٹلائزیشن پر آئی ایم ایف کو بریفنگ دی، وفد کو بتایا گیا کہ ٹیکس نظام میں شفافیت لائی جارہی ہے۔ آئی ایم ایف وفد کی سکیور ٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے حکام سے ملاقات کی، جہاں انہیں ملک میں کارپوریٹ سیکٹر، اسٹاک مارکیٹ میں کاروباری آسانیوں پر بریفنگ دی گئی۔ ذرائع

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3)

شیر افضل مروت کو پارٹی سے نکالنے کی کوئی اطلاع نہیں: بیرسٹر گوہر

یہ ہمارا پارٹی کا اندرونی معاملہ ہے، جو احکامات پی ٹی آئی سے آتے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی شیر افضل مروت کو پارٹی سے نکالنے کے فیصلے سے لاعلم نکلے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میرے پاس پی ٹی آئی کی ابھی ایسی کوئی اطلاعات نہیں آئیں، یہ ہمارا پارٹی کا اندرونی معاملہ ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ جو احکامات پی ٹی آئی سے آتے ہیں، میں ان پر فوراً عمل درآمد کرتا ہوں، حکومت پہلے بھی نہیں چاہتی تھی کہ ہم پارٹی سے نکالنے کے فیصلے سے لاعلم نکلے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میرے پاس پی ٹی آئی کی ابھی ایسی کوئی اطلاعات نہیں آئیں، یہ ہمارا پارٹی کا اندرونی معاملہ ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ جو احکامات پی ٹی آئی سے آتے ہیں، میں ان پر فوراً عمل درآمد کرتا ہوں، حکومت پہلے بھی نہیں چاہتی تھی کہ ہم پارٹی سے نکالنے کے فیصلے سے لاعلم نکلے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میرے پاس پی ٹی آئی کی ابھی ایسی کوئی اطلاعات نہیں آئیں۔

سعودی سرمایہ کاری

پاکستان اور سعودی ڈویلپمنٹ فنڈ (ایس ڈی ایف) کے درمیان ایک ارب 61 کروڑ ڈالر کے معاہدوں پر دستخط ہو گئے۔ ان میں سے ایک معاہدے کے تحت سعودی فنڈ پاکستان کو ایک سال کی مؤخرہ ادائیگی پر ایک ارب 20 کروڑ ڈالر مالیت کا تیل درآمد کرنے کی سہولت دے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان اور سعودی فنڈ فار ڈویلپمنٹ کے درمیان نامسرہ میں واٹر سپلائی سکیم کے لئے چار کروڑ 10 لاکھ ڈالر رعایتی نرخوں پر قرضے کی فراہمی کی مفاہمتی یادداشت پر بھی دستخط کئے گئے تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، چند دیگر وزراء اور معاونین خصوصی اور پاکستانی اعلیٰ حکام کے علاوہ سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی اور وفد کے دیگر اراکین نے بھی شرکت کی۔ اس سے قبل ایس ڈی ایف کے چیف ایگزیکٹو سلطان بن عبدالرحمان المرشد کی قیادت میں وفد نے وزیراعظم سے ملاقات کر کے انہیں سعودی تعاون سے جاری ممہند ہائیڈرو پاور پراجیکٹ، گولن گول ہائیڈرو پاور پراجیکٹ، مالاکنڈ رینیول ڈویلپمنٹ پراجیکٹ اور سعودی گرانٹس کے ذریعے فنڈ کئے گئے دیگر منصوبوں کے بارے میں بریفنگ سے آگاہ کیا۔ سلطان بن عبدالرحمان المرشد نے مشترکہ منصوبوں پر جلد کارروائی کی یقین دہانی کراتے ہوئے یہ اعادہ بھی کیا کہ سعودی عرب، شاہی خاندان کی قیادت میں، پاکستان کو ہر ممکن مدد اور مسلسل تعاون فراہم کرے گا۔ سعودی عرب کی طرف سے تیل کی درآمد پر دی جانے والی اس سہولت سے پاکستان کو اپنا ادائیگی بوجھ فوری کم کرنے میں مدد ملے گی، قومی امکان ہے کہ سعودی تیل کی یہ سہولت رواں سال مارچ سے شروع ہو جائے گی۔ یاد رہے کہ سعودی تیل سہولت کا گزشتہ پروگرام دسمبر 2023 میں ختم ہو گیا تھا جس کے بعد پاکستان نے اس کی بحالی یا ضابطہ درخواست کر رکھی تھی۔ دوسرے منصوبے کے تحت ایس ایف ڈی خیبر پختونخوا کے ضلع مانسہرہ میں گریوٹی فلو واٹر سپلائی سکیم کے لئے 41 ملین ڈالر فراہم کرے گا جس سے ضلع کے ایک لاکھ 50 ہزار مقامی افراد کے لئے پینے کے صاف پانی تک رسائی میں بہتری آئے گی جبکہ اس سرمایہ کاری سے 2040ء تک دو لاکھ سے زائد افراد کو پانی کی طلب کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین حالیہ ایک اور اہم پیشرفت ریکوڈک معاہدے کے حوالے سے ہوئی ہے جس پر آئندہ چند ماہ کے دوران معاہدہ ہونے کی توقع کی جا رہی ہے۔ ریکوڈک منصوبے کی ظہر ثانی شدہ تخمینہ جاتی کام پہلے ہی مکمل ہو چکا ہے، سعودی عرب پہلے مرحلے میں ریکوڈک کے 10 فیصد سٹیک خریدے گا جسے بعد ازاں بڑھا کر 20 فیصد کر دیا جائے گا۔ یاد رہے کہ گزشتہ سال اکتوبر میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ٹیکنیکل اور زراعت سمیت بعض دیگر شعبوں میں اربوں ڈالر کے 27 مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کئے گئے تھے۔ سعودی وزیر سرمایہ کاری خالد عبدالعزیز الفالح نے اُس وقت کہا تھا کہ پاکستان کا معاشی استحکام چاہتے ہیں، پاکستان اور سعودی عرب دوست نہیں ایک خاندان ہے، مختصر وقت میں معاشی بہتری متاثر کن ہے، دوطرفہ تجارت میں پچھلے ہی قریباً 80 فیصد اضافہ ہو چکا ہے۔ لگ بھگ تین ہفتوں بعد اسی ماہ کے آخر میں سعودی عرب نے پاکستان میں سرمایہ کاری 2.2 ارب ڈالر سے بڑھا کر 2.8 ارب ڈالر کرنے کا اعلان کر دیا تھا۔ سعودی میڈیا کے مطابق وزیراعظم نے اپنے دورہ سعودی عرب کے دوران خصوصی کاوشیں کیں جن کی بدولت سعودی عرب کی جانب سے پاکستان میں سرمایہ کاری کی سات مزید مفاہمی یادداشتوں پر دستخط کئے گئے اور سرمایہ کاری کے حجم میں 600 ملین ڈالر کا اضافہ ہو گیا یوں مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں کی تعداد 34 ہو گئی۔ گزشتہ سال دسمبر میں سعودی عرب نے پاکستان کو دیے گئے تین ارب ڈالر کے ڈیپازٹ کو بھی ایک سال کے لئے رول اوور کر دیا تھا۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے کہا گیا تھا کہ اس توسیع سے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر کو مضبوط کرنے اور ملک کی معاشی ترقی اور خوشحالی میں مدد ملے گی۔ سٹیٹ بینک کے مطابق یہ رقم 2021ء میں جمع کرائی گئی تھی جس کے بعد سے اسے رول اوور کیا جا رہا ہے جو دونوں برادر ممالک کے درمیان قریبی تعلقات کا عکاس ہے۔ اس میں کوئی دوآراء نہیں کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مثالی تعلقات ہیں اور سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کی مدد کی ہے، ضرورت پڑنے پر ہمیشہ آگے بڑھ کر ہاتھ تھاما۔ اسی طرح پاکستان بھی ہمیشہ سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑا رہا ہے، مسئلہ کوئی بھی ہو، کسی بھی نوعیت کا ہو، پاکستان نے سعودی عرب کو ہمیشہ مقدم رکھا ہے۔ اب بھی پاکستان نے سعودی عرب کو اس کی فوڈ سیکیورٹی سمیت دیگر شعبوں میں درجنوں ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی پیشکش کر رکھی ہے جس میں سے چند ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آچکی ہے جبکہ مزید پرکام کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ سال اپریل میں سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان ہونے والی باضابطہ ملاقات کے بعد مشترکہ اعلامیے میں پاکستان میں پانچ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے پیکیج کا اعلان کیا گیا تھا۔ پاکستان کو اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کی ضرورت ہے جسے پورا کرنے کے لئے سعودی عرب ہر ممکن تعاون کر رہا ہے تاہم ضرورت اس اَمر کی ہے کہ پاکستانی معاشی ٹیم سرمایہ کاری کے مزید مواقع پیدا کرے خاص طور پر ان جدید جہتوں میں جن کی دنیا میں اس وقت مانگ ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی وہ شعبہ ہے جس میں کم سرمایہ کاری کے ساتھ زیادہ منافع حاصل کیا جا سکتا ہے خاص طور پر جب پاکستان کی 60 فیصد سے زائد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے جنہیں چند ہفتوں اور مہینوں کے شارٹ کورسز کروا کر کلی معیشت کا کارگر حصہ بنایا جا سکتا ہے۔ پاکستان کو یہ کوشش بھی کرنی چاہئے کہ سعودی عرب میں ہونے والی ترقی بالخصوص ٹیکنٹروں ارب ڈالر مالیت کے "نیوم" اور "دی لائن" سمیت دیگر کئی ترقیاتی منصوبوں کا بھی حصہ بنے کہ ان میں بھی پاکستان اور پاکستانیوں کے لئے بے پناہ مواقع موجود ہیں، سعودی حکام کے ساتھ مل کر ایسی پالیسیاں تشکیل دی جا سکتی ہیں جن سے انسانی وسائل کے علاوہ بھی ان منصوبوں میں استعمال ہونے والا خام مال پاکستان سعودی عرب کو مہیا کر سکتا ہے۔ پاکستان کا سعودی عرب سے سرمایہ کاری کا ابتدائی ہدف 30 ارب ڈالر تھا جس تک پہنچنے کی ہر ممکن کوشش کی جاتی چاہئے، پاکستان کی خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کو بھی اس معاملے میں سرگرم رہنا چاہئے۔ اس وقت لازم ہے کہ ملک میں سازگار ماحول فراہم کیا جائے، جو مواقع پاکستان میں موجود ہیں انہیں اس طریقے سے پیش کیا جائے کہ سعودی عرب سمیت دیگر ممالک بھی یہاں سرمایہ کاری پر مجبور ہو جائیں۔

متحدہ عرب امارات، سعودی عرب سمیت 7 ملکوں سے مزید 34 پاکستانی بے دخل

کراچی (آن لائن) متحدہ عرب امارات، سعودی عرب سمیت 7 مختلف ملکوں سے گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران 34 پاکستانی کو بے دخل کر کے کراچی بھیجا گیا۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق سعودی عرب سے 3 جبکہ لسٹ سمیت 5 افراد کو بے دخل کیا گیا۔ متحدہ عرب امارات میں ایئرپورٹ سے انکار کے بعد ایک کو واپس بھیج دیا گیا۔ 11 کویتوں سے رہا کر کے، 4 کو زائد المیعاد قیام پر ڈی پورٹ کیا گیا۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق بے دخل 2 پاکستانی آئی ایم ایس بلیک لسٹ تھے۔ احتیوریا اور قطر سے 2 بلیک لسٹ 2 رہائی قوانین کی خلاف ورزی اور 2 مفرور ہیں کو پاکستان واپس بھیجا گیا۔ حنزاسیہ میں بغیر پاسپورٹ، عمان میں غیر قانونی داخل ہونے پر 3 افراد کو ڈی پورٹ کیا گیا۔ ایئرپورٹ سے تین ڈی پورٹیز کو مردان، مالاکنڈ اور گوجرانوالہ انتظامیہ کے حوالے کیا۔ اس کے علاوہ قبرص میں زائد المیعاد قیام پر 1 پاکستانی کو ڈی پورٹ کیا گیا۔

کرم، 4 روز میں 44 بکرز منہدم، اب تک 130 بکرز گرادیے گئے

کرم (آن لائن) خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں قیام امن کے لیے فریقین کے بکرز گرانے کا عمل جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق ضلع کرم میں 4 روز کے دوران 44 بکرز گرائے گئے اور اب تک 130 بکرز گرا دیے گئے ہیں جب کہ متعدد منشیات کی بھاری مشینری کے ذریعے بند کیا گیا ہے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے بکرز اور دھندقہ قرابی جھگڑوں میں استعمال ہوتے تھے۔ انتظامیہ نے بتایا کہ تجارتی سامان کی 853 گاڑیاں کرم بھجوائی جا چکی ہیں، اس کے علاوہ وفاقی بازار کی تزئین و آرائش کا کام جاری ہے اور متاثرین کو امدادی رقوم دینے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں قیام امن کے لیے فریقین کے بکرز گرانے کا عمل جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق ضلع کرم میں 4 روز کے دوران 44 بکرز گرائے گئے اور اب تک 130 بکرز گرا دیا جا چکا ہے جب کہ متعدد منشیات کی بھاری مشینری کے ذریعے بند کیا گیا ہے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے بکرز اور دھندقہ قرابی جھگڑوں میں استعمال ہوتے تھے۔ انتظامیہ نے بتایا کہ تجارتی سامان کی 853 گاڑیاں کرم بھجوائی جا چکی ہیں، اس کے علاوہ وفاقی بازار کی تزئین و آرائش کا کام جاری ہے اور متاثرین کو امدادی رقوم دینے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ستمبل تو ہے۔ انتظامیہ نے بتایا کہ تجارتی سامان کی 853 گاڑیاں کرم بھجوائی جا چکی ہیں، اس

توہین عدالت کیس، سابق وزیر اطلاعات آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس نے معافی مانگ لی، نااہلی ختم

مظفر آباد (آن لائن) آزاد کشمیر جموں وکشمیر سپریم کورٹ نے سابق وزیر اعظم سردار تنویر الیاس کی نااہلی ختم کر دی۔ سردار تنویر الیاس نے توہین عدالت کیس میں سپریم کورٹ سے معافی مانگ لی۔ عدالت نے ان کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی بھی ختم کر دی۔ واضح رہے کہ 2023 میں آزاد کشمیر ریگولر نے سردار تنویر الیاس کو دوسال کیلئے نااہل قرار دیا تھا، جس کے نتیجے میں ان کی حکومت بھی ختم ہو گئی تھی، تاہم انہوں نے اس فیصلے کیخلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کر رکھی تھی۔ سپریم کورٹ نے بدھ کو فیصلہ سناتے ہوئے آزاد کشمیر ریگولر کی جانب سے دی گئی نااہلی کے خلاف اپیل کو منظور کیا، جس کے بعد سردار تنویر الیاس پر عائد پابندی ختم ہو گئی۔ ختم کرنے سردار تنویر الیاس نے توہین عدالت کیس میں سپریم کورٹ سے معافی مانگ لی۔ واضح رہے کہ توہین عدالت کی کارروائی بھی ختم کر دی۔ واضح رہے کہ 2023 میں آزاد کشمیر ریگولر نے سردار تنویر الیاس کو دوسال کیلئے نااہل قرار دیا تھا۔

روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کے ذریعے ترسیلات زر 9 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئیں

ایک ارب 71 کروڑ ڈالرز واپس، 6 ارب ڈالر سے زائد مقامی طور پر استعمال

کراچی (آن لائن) بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے بینکاری کی سہولت فراہم کرنے والے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ (آر ڈی اے) کے ذریعے ترسیلات زر 9 ارب 56 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی تازہ ترین رپورٹ میں بتایا گیا کہ 31 جنوری تک روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ (آر ڈی اے) کی مجموعی تعداد 9 ارب 56 کروڑ ڈالر سے زائد ہو گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق موصول ہونیوالے مجموعی ڈیازٹس میں سے ایک ارب 71 کروڑ ڈالر سے زائد واپس بھیجے جا چکے ہیں جبکہ 6 ارب ڈالر سے زائد مقامی طور پر استعمال ہوئے ہیں، اس کے ساتھ خاص قرض ایک ارب 80 کروڑ ڈالر پر برقرار رہا۔ پاکستان نے 2020 میں آر ڈی اے کا آغاز کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے سبب ٹریژری بلز اور پاکستان انٹرنیشنل بانڈز (آئی بی بز (4 سے زائد ارب ڈالر کے اخراج کے بعد کیا تھا، تاہم، یوعقابی بانڈز میں ابتدائی سرمایہ کاری کی جگہ لینے کے لئے کافی ہیں۔ اس میں ترسیلات زر کی آمد کا حجم رہا۔ پاکستان کو ڈالر کی ضرورت آر ڈی اے کے ذریعے آنیوالی آمد سے کہیں زیادہ ہے، ریکارڈ ترسیلات زر کے باوجود غیر ملکی قرضوں کی ادائیگی اب بھی سب پر بھاری ہے۔ مارکیٹ کے صدر آصف زرداری کے حالیہ دورہ میں 6 بلیاری متعدد قرضوں کا رول اوور بھی ہوا تھا۔ تاہم مارکیٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ جون 2025 کے اختتام تک چین کے تقریباً 9 ارب ڈالر کے قرضے پختہ ہو جائیں گے، جبکہ ذخائر اس قرض کی ادائیگی کیلئے ناکافی ہیں اور اسٹیٹ بینک کے موجودہ فارکس بولیٹن کا جزوی، نشان بھی شرح تبادلہ کو غیر مستحکم کر سکتا ہے۔ معاشی ماہرین کا خیال ہے

ریلوے پولیس کی ایمانداری کم ہونے والا لاکھوں مالیت کا پورٹ فون مسافر کے حوالے کر دیا

لاہور (آن لائن) ریلوے پولیس راولپنڈی ڈویژن نے ایمانداری اور فرض شناسی کی بہترین مثال قائم کرتے ہوئے مسافر کا بزنس مین کو بھولے والا لاکھوں مالیت کا آئی فون مسافر کے حوالے کر دیا۔ ترجمان ریلوے کے مطابق جعفر ایکسپریس کے مسافر کا 58 ہزار 487 روپے کا پورٹ فون ریلوے پولیس کو ملا تھا جس کی قیمتی مالیت 16 لاکھ 11 ہزار 500 روپے پر آ گئی ہے۔ عالمی مارکیٹ میں بھی سونے کی قیمت میں 18 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ اسی طرح فی تولہ سونے کی قیمت 1600 روپے کے بعد 3

بقیہ 1

کہا کہ ذوالی کا رخ ترقی کی طرف موڑ دیا، معاشی اشاریوں کی بہتری پاکستان کی بہتری ہے، مہنگائی میں بہتری آئی کیف پاکستان سنوار رہے ہیں، پالیسی ریٹ میں 22 12 فی صد کی کمی سے معاشی سرگرمیاں بڑھ رہی ہیں، مہنگائی کو قابو ہو رہا ہے، صدمہ ان لیگ نے کیا ہے، پیسہ مستحکم ہوا اور قرضہ بڑھ رہی ہے، اسٹاک ایکسچینج تین گنا بڑھ رہی ہے، میوشل فنڈ بڑھ رہی ہے، یہ ایوانی کے ساتھ آئے ہوئے شخص نے ملک کی بنیادیں ہلا دی تھیں، ہم نے پاکستان کی طرف مثبت رویہ اختیار کیا، اور پاکستان کے ترقی ک

مسئلہ کشمیر اور فلسطین حل کیے بغیر دنیا کا امن محض خواب رہے گا، ملی یکجہتی کونسل

ملی یکجہتی کونسل آزاد کشمیر کی تنظیم نو مولانا امتیاز صدیقی صدر قاضی شاہد حمید ایڈووکیٹ سیکرٹری جنرل منتخب

مرتب غزہ پر قبضے کی بات کر کے دنیا میں نفرت کا نشان بن رہا ہے اور اس کے اعلانات سے گلتا ہے وہ ذہنی توازن کھو چکا ہے

اسلام آباد(آئی این پی) جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی نائب امیر ومنیجر کشمیر مرکز اسلام آباد میں منعقدہ جلاس میں نئے سیشن کے لیے مولانا امتیاز صدیقی کو صدر ملی یکجہتی کونسل آزاد کشمیر اور قاضی شاہد حمید ایڈووکیٹ کو سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل آز

(بقیہ 39 ونی صفحہ 3)

غزہ سے ہجرت کرنیوالے فلسطینی خاندان کو برطانیہ میں رہنے کی اجازت مل گئی

اپریز پیٹل کے بچوں نے ان کی مزید اپیل منظور کر کی اور انہیں برطانیہ میں رہنے کا حق دے دیا

لندن (آن لائن) محترمہ ایمان اسرائیل اور حسامی کی جنگ کے دوران اپنے گھر کی تباہی کے بعد بے گھر ہونے والے فلسطینی خاندان کو برطانیہ میں رہنے کی اجازت مل گئی۔ اس خاندان میں والد، والدہ اور چار بچے شامل ہیں۔ ان افراد نے یورپین یونین کمیونٹی ایکسچینج کے تحت برطانیہ میں داخلے کے لیے درخواست دی تھی تاکہ وہ والد کے بھائی کے ساتھ رہ سکیں جو 2007 سے برطانیہ میں مقیم اور برطانوی شہری ہیں۔ میں 2023 میں برطانوی

(بقیہ 40 ونی صفحہ 3)

ہزاروں پاکستانی میرپور فرزانگی بیاب سے جڑ دھاوں میں بحالی مصوبوں سے حقیقی باقاتی زراعت بحالی اور بحارت اعلاس میں بلیک کے ریفرنڈ میں

آئی ایم ایف کی بریفنگ سے ملک میں قانون کی عملداری کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے، شاہ محمود قریشی

ماضی میں بھی آئی ایم ایف کے وفد نے چیف جسٹس سے بریفنگ نہیں لی

راولپنڈی (آن لائن) پی ٹی آئی رہنما شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کی بریفنگ سے ملک میں قانون کی عملداری کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے، ماضی میں بھی آئی ایم ایف کے وفد نے چیف جسٹس سے ملاقات کی ہے۔ شاہ محمود قریشی نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ شہباز شریف اور حمزہ شہباز تمام مقدمات سے بری ہو جائیں گے۔ حافظ آباد میں 9 مئی کے کیسز میں بے قصور ہوں۔ وہ حق سچا ہیں نہ کہہ دیا کہ پہلے فیصلہ ہونے دیں۔ 26 دسمبر جمعہ کی دعوت اسوہ کی انتظار کرلیا جاتا تو زیادہ بہتر ہوتا اب بلاہچہ انٹیوٹ بنی گیا۔ بانی کورٹ کی سیناٹری لسٹ کوبھی متاثر کیا گیا۔ شاہ محمود قریشی کا عمر کو کہنا تھا کہ تمام بڑی بنا معنیس ہمارے مسوت کی تائید کر رہی ہیں۔ بہت جلد گرینڈ الائنس بننے جا رہا

ملک پر ڈاکوؤں کا راج ہے، ان سے ملک نہیں چلے گا، اعظم سواتی

پٹیاد بار ہائی کورٹ نے اعظم سواتی کو 13 مارچ تک حفاظتی ضمانت دے دی

اسلام آباد(آن لائن) سربراہ عوام پاکستان بار اور سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ ملک میں کرپٹ اشرافیہ کی کوئی جگہ نہیں

ملک میں کرپٹ اشرافیہ کی کوئی جگہ نہیں ہے، شاہد خاقان عباسی

موجودہ حکومت عوامی نمائندہ نہیں ہے ،جوام حکمرانوں سے اتفاق نہیں کرتے ، رول آف لاء لے آئیں ملک چلنے لگے

سیاستدان کا احتساب پولنگ اسٹیشن میں ہوتا ہے ،بانی پی ٹی آئی آرمی چیف کے بجائے عوام کو ووٹ لگتے اور ملک کو درپیش مشکلات اور ان کے حل سے آگاہ کرتے

اسلام آباد (آن لائن) سربراہ عوام پاکستان بار اور سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ ملک میں کرپٹ اشرافیہ کی کوئی جگہ نہیں

پاپ اٹن ہونے کے باوجود جیل ٹینکوں سے بھیجا جاتا ہے۔ ایک گھی کی وی سے گفتگو کرتے

(بقیہ 52 ونی صفحہ 3)

کراچی ،ڈاکوؤں نے جامعہ کراچی کے ملازم کو گولیاں مار قتل کر ڈالا

ڈومیسائل معاملے پر تحقیقات جاری ہیں، غلطی کرنیوالے کو سزا دیں گے، وزیر اعلیٰ سندھ

مراد علی شاہ نے ایف بی آر کے ٹیکس کلیکشن پر بھی تحفظات کا اظہار کر دیا

کراچی (آن لائن) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ ڈومیسائل معاملے پر تحقیقات جاری ہیں، غلطی کرنیوالے کو سزا دیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ ایف بی آر کی کلیکشن پر مجھے ایک آبزرویشن ہے۔ گزشتہ سال اچھی خاصی قرض، ٹھیرے خیال میں 80 ارب روپے زائد تھی۔ ہماری شکایت ہے کہ ہم قرض وقت پر منع ہوئی اس کو بروقت منتقل نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت سے گزارش ہے کہ قرض کو بروقت منتقل کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ ڈومیسائل معاملے پر ہم تحقیقات کر رہے ہیں، غلطی کرنے والے کو سزا دیں گے۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں کراچی کے میڈیکل کالجز میں دیرے ڈومیسائل

ملک بھر میں بچوں کے اغوا کے واقعات شدید تحفظات انسانی حقوق کمیشن کا اظہار

2024 کے دوران 289 اغوا کے کیسز رپورٹ ہوئے، 269 بچے بازیاب، 66 کیسز کی انکوائری التوا کا شکار

64 کیسز عدالتوں میں زیر سماعت ہیں، گھر سے بھاگنے والے بچوں کے کیسز کی تعداد 266 ہے، 239 بازیاب ہوئے، 55 کے چالان کیے گئے

اسلام آباد (آن لائن) نیشنل کمیشن برائے انسانی حقوق میں بچوں کے حقوق اور مبینہ افراد کے تحفظ کے حوالے سے بلٹز آئندہ اجلاس میں

(بقیہ 56 ونی صفحہ 2)

شارٹ ٹرم سیونگ سرٹیفکیٹس پر منافع کی نئی شرحوں کا اعلان

تین ماہ کی مدت والے سرٹیفکیٹس پر منافع 11.24 فیصد مقرر

کراچی (آن لائن) سینٹرل ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل سیونگز (سی ڈی این ایس) نے ملک میں مہنگائی میں کمی کے پیش نظر فروری 2025 کے قلیل مدتی سیونگز سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح میں کٹوتی کا اعلان کر دیا ہے۔ جس کے مطابق تین ماہ کی مدت والے سرٹیفکیٹس پر منافع 11.24 فیصد مقرر کیا گیا ہے، جس کے تحت 100,000 سے 100,000 روپے کی سرمایہ کاری پر 2,810 روپے کا منافع حاصل ہوگا۔ اسی طرح پورے شرح کے 7.26 فیصد کی۔ چھ ماہ کی مدت کے سرٹیفکیٹس پر منافع 11.32 فیصد کر دیا گیا ہے، جس کے تحت 100,000 روپے پر کچھ 5,660 روپے کا منافع ملے گا، جو کہ پچھلی 12.74 فیصد شرح کے مقابلے میں کم ہے، جب 6,370 روپے حاصل ہوتے تھے۔ ایک سال کی مدت والے سرٹیفکیٹس کے لیے نئی منافع کی شرح 11.38 فیصد مقرر کی گئی ہے، جس کے مطابق 100,000 روپے کی سرمایہ کاری پر 11,380 روپے کا منافع حاصل ہوگا۔ ان سرٹیفکیٹس پر ٹیکس کا انحصار سرمایہ کار کے ٹیکس شامل ہیں، ان پر 15 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس عائد ہوگا، جبکہ نان فائلرز کے لیے یہ شرح 30 فیصد ہوگی۔ یہ شرحیں ہر سرمایہ کار کی کسی بھی تاریخ کو کی گئی ہوا منافع کی رقم پھوپھی ہو۔ شارٹ ٹرم سیونگز سرٹیفکیٹس کو 2012 میں متعارف کرایا گیا تھا، اور یہ مختصر مدت کے لیے سرمایہ کاروں کی بانی ضروریات پوری کرنے کے لیے تیار کیے گئے تھے۔ یہ سرٹیفکیٹس تین، چھ اور بارہ ماہ کی مدت کے لیے دستیاب ہیں۔ یہ اسکیم پاکستانی شہریوں

(بقیہ 63 ونی صفحہ 3)

لاہور میں شادی کا کھانا کھانے سے مہمانوں کی حالت خراب ہسپتال پہنچا دیا گیا

لاہور (آن لائن) لاہور میں شادی میں ناصر کھانا کھانے سے تقریب میں شریک مہمان فوڈ پوائزنگ کا شکار ہوگئے، متعدد کی حالت تشویشناک ہوگئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق لاہور کے ایک پوش علاقے میں شادی کی تقریب میں ناصر کھانا کھانے سے متعدد افراد کی حالت خراب ہوگئی۔ لاہور کے علاقے ڈیفنس کے رہائشی شاہ سرفراز کے صاحبزادی کی تقریب جاری تھی جس میں تقریباً 360 سے زائد مہمانوں کو مدعو کیا گیا تھا۔ تقریب میں جیسے ہی کھانے کا دسترخوان سجایا تو تھوڑی دیر بعد ہی لوگوں نے اپنا پیٹ پکڑنا اور الٹیاں کرنا شروع کر دیں۔ اس موقع پر فوڈ پوائزنگ کا شکار مہمانوں کو شدید شک حالت میں قریبی ایمرجنسی منتقل کیا گیا، جہاں انہیں فوری طبی امداد فراہم کی گئی۔ تقریب کے میزبان سرفراز نے میڈیا کو بتایا کہ 9 زائد افراد فوڈ پوائزن ناک حالت میں جنرل اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔ آخری

(بقیہ 61 ونی صفحہ 3)

ملک بھر میں 11 ہزار 12 افراد کی ہلاکت، 2 ہزار 5 سو 60 زخمی رپورٹ

17 ہزار 7 سو 4 ٹریفک حادثات میں 2 ہزار 5 سو 60 زخمی ہوئے، 1 ہزار 7 سو 4 ٹریفک حادثات میں 2 ہزار 5 سو 60 زخمی ہوئے

اسلام آباد (آن لائن) ملک کے 17 ہزار 7 سو 4 ٹریفک حادثات میں 2 ہزار 5 سو 60 زخمی ہوئے، 11 ہزار 12 افراد کی ہلاکت ہوئی۔